## سوال

(454) ''ثناء'' نماز کی تمام رکعتوں میں پڑھی جائے گی یا صرف ابتدائی رکعت میں؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا ''ثناء'' نماز کی تمام رکعتوں میں پڑھی جائے گی یا صرف ابتدائی رکعت میں؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ثناء صرف پہلی رکعت میں ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے:

كَانَ رَسُولَ ﷺ إِذَا افْتَتَحَ الصَّلَاةَ قَالَ: سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ... 'الخ" سنن ابن ماجه، بَابُ افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ، رقم: ۸۰۶، سنن الترمذی، بَابُ مَا يَقُولُ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلَاةِ، رقم: ۲۴۳، سنن أَبِي دَاوُدَ، بَابُ مَنِ اسْتَوَى قَاعِدًا... الخ، رقم: ۲۶،،

''رسول اللہ ﷺ جب نماز کا آغاز کرتے، تو سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ... الخ پڑھتے''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی]()

**کتاب الصلوٰة: صفحہ: 389**

محدث فتویٰ